PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

# قومی خواتین کرکٹ ٹیم کا تربیتی کیمپ جمعہ سے شروع ہوگا

**اسلام آباد، 30 جون 2022ء:**

آئرلینڈ میں سہ فریقی سیریز اور کامن ویلتھ گیمز کی تیاریوں کو حتمی شکل دینے کے لیے قومی خواتین کرکٹ ٹیم کا تربیتی کیمپ یکم جولائی سے ہاؤس آف ناردرن اسلام آباد میں شروع ہوگا۔ قومی خواتین اسکواڈ میں شامل 15 کھلاڑیوں پر مشتمل تربیتی کیمپ 10 روز تک جاری رہے گا۔

تربیتی کیمپ کے دوران بیٹنگ، باؤلنگ اور فیلڈنگ پریکٹس سیشنز کے علاوہ سینیر یو بیس پر یکٹس میچز بھی کھیلے جائیں گے۔

اس سے قبل کراچی سے تعلق رکھنے والی خواتین کرکٹرز نے ہیڈ کوچ ڈیوڈ ہیمپ کی زیر نگرانی چار روزہ تربیتی کیمپ کے دوران نیٹ سیشنز میں شرکت کی تھی۔ اس کیمپ میں فاطمہ ثناء، ایمن انور، کائنات امتیاز، منیبہ صدیقی اور عمیمہ سہیل نے شرکت کی۔ اس دوران کھلاڑیوں کو باؤلنگ کوچ سلیم جعفر کی خدمات بھی حاصل تھیں۔

قومی خواتین اسکواڈ 12 جولائی کو بذریعہ دبئی بیلفاسٹ روانہ ہوگا، جہاں سہ فریقی ٹی ٹونٹی سیریز میں شرکت کے بعد قومی خواتین کرکٹ ٹیم کامن ویلتھ گیمز میں شرکت کے لیے برمنگھم روانہ ہو جائے گی۔

اسکواڈ:

بسمہ معروف (کپتان)، ایمن انور، عالیہ ریاض، انعم امین، عائشہ نسیم، ڈیانا بیگ، فاطمہ ثناء، گل فیروزہ (وکٹ کیپر)، ارم جاوید، کائنات امتیاز، منیبہ علی صدیقی (وکٹ کیپر)، ندا ڈار، عمیمہ سہیل، سعدیہ اقبال اور طوبہ حسن۔

اسپورٹ اسٹاف: عائشہ اشہر (منیجر)، ڈیوڈ ہیمپ (ہیڈ کوچ)، سلیم جعفر (باؤلنگ کوچ)، محمد زبیر (اینالسٹ) اور رفعت اصغر گل (فزیو تھراپسٹ)۔

کیمپ کے لیے اضافی اسپورٹ اسٹاف: وقار اور کرزئی (اسسٹنٹ کوچ)، صبور احمد (اسٹرینتھ اینڈ کنڈیشننگ کوچ)

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Assistant Manager – Media and Communications
W: www.pcb.com.pk

## ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan, which was established under the Sports (Development and Control) Ordinance 1962 as a body corporate having perpetual succession with exclusive authority for the regulation, administration, management and promotion of the game of cricket in Pakistan.

The PCB operates through its own Constitution, generates its revenues, which are reinvested in the development of cricket. It receives no grants, funds or monies from either the Federal or Provincial Governments, the Consolidated Funds or the Public Exchequer.

The PCB’s mission is to inspire and unify the nation by channelising the passion of the youth, through its winning teams and by providing equal playing opportunities to all.

Over the next five years, the PCB will be focusing on six key priority areas that include establishing sustainable corporate governance, delivering world-class international teams, developing a grassroots and pathways framework, inspiring generations through our women’s game, growing and diversifying commercial revenue streams, and enhancing the global image of Pakistan.

The PCB also remains committed to developing ground and facility cricket infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.